نام :-

محمد فہیم ندیم قادری عطاری

درجہ :-

اولیٰ (الف)

مضمون :-

خلاصۃ النحو

جامعہ :-

جامعۃ المدینہ
شاہ عالم مارکیٹ لاہور

اُستاد ،

"داؤد صاحب"

10-1-2024

منگل

# موسم سرما کا کام

9-1-2024

## خلاصۃ النحو

حصہ اول میں سے ~~50~~ 112 سوال اور ~~20~~ 70 MCQ :-

مختصر سوالات کے جوابات

سوال نمبر 1 :-

جو ہمزہ زائدہ وصل کی صورت میں گر جائے اور نہ گرے اس ہمزہ کو کیا کہتے ہیں

جواب نمبر 1 :-

جو ہمزہ زائدہ وصل کی صورت میں گر جائے اُسے ہمزہ وصلیہ اور جو نہ گرے اُسے ہمزہ قطعیہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2 :-

حروف قمریہ کتنے ہیں اور ان کا مجموعہ لکھیے حروف شمسیہ بھی بتائیں ؟

جواب نمبر 2 :-

حروف قمریہ چودہ ہیں ان کا مجموعہ (حق کا خوف عجب غم ہے) اور ان کے علاوہ حروف کو حروف شمسیہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 3 :-

علم نحو کی تعریف علم نحو کا موضوع لکھیے ؟

منگل ہوم ورک 9-1-2024

جواب نمبر 3 :-

★ علم نحو کی تعریف :-

ایسے قواعد کا علم جن کے ذریعے اسم، فعل، حرف کے آخر کے احوال اور اُن کو آپس میں ملانے کا طریقہ معلوم ہو۔

★ علم نحو کا موضوع :

علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے۔

سوال نمبر 4 :-

علم نحو کی غرض، مرتبہ، حکم، اور علم نحو کے واضع کے نام لکھیے؟

جواب نمبر 4 :-

★ علم نحو کی غرض :

قرآن و سنت کا فہم اور عربی زبان میں لفظی غلطی سے بچنا۔

★ علم نحو کا مرتبہ :

علم نحو کو علم صرف کے بعد اور علم بلاغت سے پہلے حاصل کرنا چاہیے۔

★ علم نحو کا حکم :

علم نحو حاصل کرنا واجب علی الکفایہ ہے۔

★ علم نحو کے واضع :

منگل 								9-1-2024

# ہوم ورک

1) خلیفہ ثانی سیدنا عمر بن خطاب 2) خلیفہ رابع سیدنا علی بن ابی طالب
3) سیدنا ابو الاسود دُئلی ۔

سوال نمبر 5 :۔

علم نحو کے مشہور ائمہ اور ماہرین کے نام لکھیے ۔

جواب نمبر 5 :۔

سیبویہ، خلیل، یونس ، أخفش ، قطرب
مازني ، ذَجّاج ، ابن کیسان سیرافی ، فارسي ، ابن جنی
(ان کو بصریین کہا جاتا ہے) کسائی ، مُبَرِّد ، فرّاء ثعلب
اور محمد أنباري (ان کو کوفیین کہا جاتا ہے)

سوال نمبر 6 :۔

لفظ کی تعریف اور موضوع ، مہمل میں فرق لکھیے ؟

جواب نمبر 6 :۔

★ لفظ کی تعریف :۔

انسان جو بولتا ہے اُسے لفظ کہتے ہیں ۔

★ موضوع کی تعریف :۔

جو لفظ با معنی ہو اسے موضوع کہتے ہیں ۔ جیسے زَیدٌ

★ مہمل کی تعریف :۔

منگل ہوم ورک 9-1-2024

جو لفظ بے معنی ہو اُسے مہمل کہتے ہیں جیسے ڈیٹر

سوال نمبر 7 :-

موضوع کی اقسام اور اس کی تعریفیں لکھیے؟

جواب نمبر 7 :-

موضوع کی دو اقسام ہیں

1) مفرد 2) مرکب

★ مفرد :-

اکیلے موضوع لفظ کو مفرد کہتے ہیں

مفرد کو کلمہ بھی کہتے ہیں جیسے چمک

★ مرکب :-

ایک سے زیادہ موضوع الفاظ کے مجموعہ

کو مرکب کہتے ہیں جیسے رَبُّ الْعٰلَمِیْن

مرکب کی دو اقسام ہیں 1) ناقص 2) تام

سوال نمبر 8 :-

مرکب کی اقسام کی تعریفیں لکھیے!

جواب نمبر 8 :-

مرکب کی دو اقسام ہیں

1) ناقص 2) تام

★ مرکب ناقص :-

جس مرکب میں بات پوری

نہ ہو اُسے مرکب ناقص یا مرکب غیر مفید کہتے ہیں۔

منگل

# ہوم ورک

9-1-2024

جیسے مَاءُ الْبَحْرِ

★ **مرکب تام:-**

جس مرکب میں بات پوری ہو اُسے مرکب تام یا مرکب مفید کہتے ہیں۔

جیسے اَللّٰہُ اَحَدٌ

**سوال نمبر 9:-**

**جملے کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں صرف نام لکھیں؟**

**جواب نمبر 9:-**

جملے کی چار اقسام ہیں۔

1) جملہ فعلیہ 2) جملہ اسمیہ 3) جملہ خبریہ 4) جملہ انشائیہ

**سوال نمبر 10:-**

**کلمہ کی کتنی اور کونسی کی اقسام ہیں نام اور تعریفات لکھیں؟**

**جواب نمبر 10:-**

کلمہ کی تین اقسام ہیں۔

1) اسم 2) فعل 3) حرف

★ **اسم:-**

جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اُس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے اُسے اسم کہتے ہے

جیسے:- قَلَمٌ

منگل ہوم ورک 9-1-2024

★ فعل :-

جو کلمہ اکیلا اپنا معنی ظاہر کرے اور اُس میں کوئی زمانہ پایا جائے اُسے فعل کہتے ہے جیسے ضَرَبَ

★ حرف :-

جو کلمہ اکیلا معنی ظاہر نہ کرے اُسے حرف کہتے ہے جیسے الیٰ، مِنْ

سوال نمبر 11 :-

اسم کی علامات اور فعل کی علامات لکھیں؟

جواب نمبر 11 :-

اسم کی علامات :-

اسم کی علامات پانچ ہیں۔

1) شروع میں (الف لام) کا ہونا
2) شروع میں (حرف جر) کا ہونا
3) جر کا ہونا
4) آخر میں (تنوین) کا ہونا
5) آخر میں (گول ۃ) کا ہونا

فعل کی علامات :

فعل کی سات علامات ہیں۔

1) شروع میں "قد" کا ہونا
2) شروع میں "سین" کا ہونا

منگل — ہوم ورک — 9-1-2024

3) شروع میں "سوف" کا ہونا
4) فعل ماضی کا ہونا
5) فعل مضارع کا ہونا
6) فعل امر کا ہونا
7) فعل نہی کا ہونا

سوال نمبر 12:-
معرفہ اور نکرہ کی تعریف لکھیں؟

جواب نمبر 12:-
★ معرفہ:-
جس اسم سے کوئی معین چیز سمجھی جائے
اُسے معرفہ کہتے ہیں۔ جیسے زَیْدٌ
★ نکرہ:-
جس اسم سے کوئی معین چیز نہ سمجھی جائے
اُسے نکرہ کہتے ہیں جیسے حَجَرٌ

سوال نمبر 13:-
معرفہ کی کتنی اقسام ہیں ان کے
نام لکھیں؟

جواب نمبر 13:
معرفہ کی سات اقسام ہیں۔
1) اسم ضمیر 2) اسم علم 3) اسم اشارہ 4) اسم موصول
5) معرف باللام 6) معرف اضافتہ
7) معرف بالنداء

منگل                ہوم ورک                9-1-2024

سوال نمبر 15:-

مذکر اور مونث کی تعریف اور مونث کی علامتیں کتنی ہیں ان کے نام لکھیں؟

جواب نمبر 15:-

★) مذکر:-

وہ اسم جس میں تانیث کی علامت نہ پائی جائے اُسے مذکر کہتے ہیں جیسے زَیدٌ، جَمَلٌ

★) مونث:-

وہ اسم جس میں تانیث کی علامت پائی جائے اُسے مونث کہتے ہیں جیسے جَمِیْلَۃٌ، اِمْرَاۃٌ

★) تانیث کی علامات:-

تانیث کی تین علامتیں ہیں۔

1) آخر میں گول ۃ 2) الف مقصورہ 3) الف ممدودہ

سوال نمبر 16:-

مونث کی اقسام اور ان کی تعریفات لکھیں؟

جواب نمبر 16:-

★) مونث کی اقسام

مونث کی دو اقسام ہیں۔

1) مونث لفظی 2) مونث حقیقی

★) مونث لفظی:-

9-1-2024

منگل

# ہوم ورک

جس مونث کے مقابلہ میں نر جاندار نہ ہو اُسے مونث لفظی کہتے ہے جیسے وَرَقَۃ

★ **مونث حقیقی :-**

جس مونث کے مقابلہ میں نر جاندار ہو اُسے مونث حقیقی کہتے ہے جیسے مَرأۃ

سوال نمبر 17 :-

تعداد کے لحاظ سے اسم کی کتنی، اور کونسی اقسام ہیں ان کے نام اور تعریفات لکھیں؟

جواب نمبر 17 :-

تعداد کے لحاظ سے اسم کی تین اقسام ہیں.

1) واحد 2) تشنیہ 3) جمع

★ **واحد :-**

جس اسم سے ایک افراد سمجھا جائے اُسے واحد یا مفرد کہتے ہیں۔ مُسْلِمٌ

★ **تشنیہ :-**

جس اسم سے دو افراد سمجھ جائے اُسے تشنیہ کہتے ہیں مُسْلِمَانِ

★ **جمع :-**

جس اسم سے دو سے زیادہ افراد سمجھ جائے اُسے جمع کہتے ہیں مُسْلِمُوْنَ

منگل ہوم ورک 9-1-2024

سوال نمبر 18 :-

جمع کی اقسام اور ان کی تعریفات لکھیں؟

جواب نمبر 18 :-

جمع کی دو قسمیں ہیں۔

1) جمع سالم 2) جمع مکسر

★ جمع سالم :-

جس جمع میں واحد کی صورت سلامت ہو اُسے جمع سالم کہتے ہیں زَیدُوْنَ

★ جمع مکسر :-

جس جمع میں واحد کی صورت سلامت نہ ہو اُسے جمع مکسر کہتے ہیں رِجَالٌ

جمع سالم کی اقسام :-

جمع سالم کی دو اقسام ہیں

i) جمع مذکر سالم ii) جمع مونث سالم

سوال نمبر 19 :-

افراد کے لحاظ سے جمع کی اقسام لکھیں

جواب نمبر 19 :-

افراد کے لحاظ سے جمع کی دو قسمیں ہیں

1) جمع قلت 2) جمع کثرت

★ جمع قلت :-

منگل — ہوم ورک — 9-1-2024

جو جمع تین سے لیکر دس افراد تک کے لیے بنائی گئی ہو
اُسے جمع قلت کہتے ہیں۔

★ **جمع کثرت :-**

جو جمع گیارہ سے لیکر لاتعداد افراد کے لیے
بنائی گئی ہو اُسے جمع کثرت کہتے ہیں۔ کُتُبٌ

**سوال نمبر 20 :-**

**جمع قلت کے اوزان لکھیے۔**

**جواب نمبر 20 :-**

جمع قلت کے چھ اوزان ہیں

1) أَفْعَالٌ 2) فِعْلَةٌ 3) أَفْعُلٌ 4) أَفْعِلَةٌ 5) جمع مذکر سالم
6) جمع مؤنث سالم

**سوال نمبر 21 :-**

مرکب اضافی کی تعریف کریں
مرکب اضافی کے پہلے اور دوسرے جز کو کیا کہتے ہیں۔

**جواب نمبر 21 :-**

مرکب اضافی وہ مرکب ہے جس میں
ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو
جیسے رَسُوْلُ اللّٰہِ
مرکب اضافی کے پہلے جز کو مضاف اور دوسرے
جز کو مضاف الیہ کہتے ہیں۔

منگل　　　　ہوم ورک　　　　9-1-2024

سوال نمبر 22 :-

مرکب اضافی کا اعراب بتائیں؟

جواب نمبر 22 :-

مرکب اضافی کے پہلے جزء کو مضاف اور دوسرے جزء کو مضاف الیہ کہتے ہیں مضاف پر تنوین اور الف لام نہیں آتے مضاف الیہ پر یہ دونوں چیزیں آسکتی ہیں لیکن ایک وقت میں ایک ہی چیز آئے گی مضاف پر اعراب بدلتا رہتا ہے مگر مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے مضاف عموماً نکرہ اور مضاف الیہ عموماً معرفہ ہوتا ہے۔

سوال نمبر 23 :-

نکرہ مخصوصہ کسے کہتے ہیں۔

جواب نمبر 23 :-

جو نکرہ دوسرے نکرہ کی طرف مضاف ہو وہ نکرہ مخصوصہ بن جاتا ہے۔

سوال نمبر 24 :-

مرکب توصیفی کی تعریف کریں۔

جواب نمبر 24 :-

وہ مرکب ناقص جس میں دوسرا جزء پہلے جزء کی صفت بیان کریں اسے مرکب توصیفی کہتے ہیں۔

رَجُلٌ قَائِمٌ

منگل ہوم ورک 9-1-2024

سوال نمبر 25 :-

مرکب توصیفی کے پہلے جزء کو اور دوسرے جز کو کیا کہتے ہیں اور ان کا اعراب کیا ہے؟

جواب 25 :-

مرکب توصیفی کے پہلے جزء کو موصوف اور دوسرے جز کو صفت کہتے ہیں صفت اگر مفرد ہو تو دس چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے۔

1) رفع ، نصب ، جر 2) واحد ، تثنیہ ، جمع
3) معرفہ ، نکرہ 4) مذکر ، مونث

سوال نمبر 26 :-

مرکب بنائی اور مرکب منزجی کی تعریفات لکھیں؟

★ مرکب بنائی :-

جس مرکب ناقص کو ملا کر ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اور اُس کا دوسرا جزء کسی حرف کو شامل ہو اُسے مرکب بنائی یا مرکب تعدادی کہتے ہیں

★ مرکب منزجی :-

جس مرکب ناقص کو ملا کر ایک کلمہ بنا دیا گیا ہو اور اس کا دوسرا جزء کسی حرف کو شامل نہ ہو اُسے مرکب منزجی کہتے ہیں۔

منگل                ہوم ورک                9-1-2024

**سوال نمبر 27 :-**

جملہ فعلیہ کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 27 :-

جس جملہ کا پہلا جز فعل ہو اُسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں۔ قَالَ اللّٰہُ

سوال نمبر 28 :-

**فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف کریں؟**

**جواب 28**

★ فعل معروف :-

وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو اُسے فعل معروف کہتے ہیں۔

★ **فعل مجہول :-**

وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اُسے فعل مجہول کہتے ہیں۔

**سوال** نمبر 29 :-

فاعل اور نائب فاعل کی تعریف اور ان کا اعراب لکھیے :-

جواب نمبر 29 :-

★ فاعل

جس اسم (ظاہر یا ضمیر) کی طرف فعل معروف کی اسناد کی جائے اُسے فاعل کہتے ہیں۔

منگل　　　　ہوم ورک　　　　9-1-2024

★ نائب فاعل :-

جس اسم کی طرف فعل مجہول کی اسناد کی جائے اُسے نائب فاعل کہتے ہیں

اعراب :-

فاعل اور نائب فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتے ہیں

سوال نمبر 30 :-

جملہ اسمیہ کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 30 :-

جس جملہ کا پہلا جزء اسم ہو اُسے جملہ اسمیہ کہتے ہیں اَللّٰہُ کَرِیْمٌ

سوال نمبر 31 :-

جملہ اسمیہ کے پہلے اور دوسرے جزء کو کیا کہتے ہیں اور ان کا اعراب بتائیں؟

جواب نمبر 31 :-

جملہ اسمیہ کے پہلے جزء کو مبتدا یا مسند الیہ کہتے ہیں اور دوسرے جزء کو مبتدا کی خبر یا مسند کہتے ہیں۔ مبتدا معرفہ یا نکرہ مخصوصہ ہوتا ہے خبر عموماً نکرہ ہوتی ہے مبتدا اور خبر دونوں ہمیشہ مرفوع ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 32 :-

خبر کی صورتیں لکھیں؟

منگل　　　　ہوم ورک　　　　9-1-2024

جواب نمبر 32:-

خبر کبھی جملہ فعلیہ ہوتی ہے
خبر کبھی جملہ اسمیہ ہوتی ہے خبر کبھی ظرف
ہوتی ہے خبر کبھی جار مجرور ہوتی ہے

سوال نمبر 33:-

جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ

جواب نمبر 33:-

★ جملہ خبریہ:-

جس جملہ کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا
ہو اُسے جملہ خبریہ یا خبر کہتے ہیں۔

★ جملہ انشائیہ:-

جس جملہ کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکتا
ہو اُسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 34:-

جملہ انشائیہ کی اقسام لکھیں؟

جواب نمبر 34:-

جملہ انشائیہ کی آٹھ قسمیں ہیں۔

1) امر　2) نہی　3) استفہام　4) تمنی
5) ترجی　6) عقود　7) قسم　8) دعا

سوال نمبر 35:-

حروف جارہ کی تعریف ان
کی تعداد اور ان کے نام لکھیں؟

منگل

# ہوم ورک

9-1-2024

جواب نمبر 35 :-

جو حروف کسی اسم پر داخل ہو کر اُسے جر دیتے ہیں اُنہیں حروف جارہ یا حرف جر کہتے ہیں۔ یہ سترہ حروف ہیں۔

بَا و تَا و کاف و لام و واو منذ و مُذ خَلَا

رب، حاشا، مِنْ عَدَا ، فِی، عَنْ، عَلٰی، حتی اِلٰی

سوال نمبر 36 :-

جار مجرور کس کے متعلق ہوتے ہیں اگر لفظوں میں موجود ہو تو کیا ہوگا اگر نہ موجود ہو تو کیا ہوگا؟

جواب نمبر 36 :-

حرف جر اور اس کے بعد والے اسم کو جار مجرور کہتے ہیں، جار مجرور ہمیشہ فعل یا شبہ فعل (اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مصدر) کے متعلق ہوتے ہیں اور جس کے متعلق ہوتے ہیں اُسے متعلَّق کہتے ہیں۔

جار مجرور کا متعلَّق لفظوں میں موجود ہو تو اُسے ظرف لغو کہتے ہیں۔

جار مجرور کا متعلَّق لفظوں میں موجود نہ ہو تو اُسے ظرف مستقر کہتے ہیں۔

منگل ہوم ورک 9-1-2024

سوال نمبر 37 :-
معرب اور مبنی کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 37 :-

★ معرب :-
جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے بدل جائے اُسے معرب یا اسم متمکن کہتے ہیں۔

★ مبنی :-
جس اسم کا آخر عامل کی وجہ سے نہ بدلے اُسے مبنی یا اسم غیر متمکن کہتے ہیں۔

سوال نمبر 38 :-
عامل، معمول اور اعراب کی تعریف لکھیں؟

جواب نمبر 38 :-

★ عامل :-
جس چیز کی وجہ سے معرب کا آخر بدلے اُسے عامل کہتے ہیں۔

معمول :-
جس معرب میں یہ صفت پیدا ہو اُسے معمول کہتے ہیں۔

اعراب :-
جس حرف یا حرکت سے معرب کا آخر بدلے اُسے اعراب کہتے ہیں۔

منگل ہوم ورک 9-1-2024

سوال نمبر 39 :-

اعراب بالحرکۃ اور اعراب بالحرف کسے کہتے ہیں ؟

★ اِعراب بالحرکۃ :-

جو اِعراب ضمہ، فتحہ اور کسرہ کی صورت میں ہو اُسے اِعراب بالحرکۃ کہتے ہیں۔

★ اِعراب بالحرف :-

جو اِعراب واو، الف اور یاء کی صورت میں ہو اُسے اِعراب بالحرف کہتے ہیں

سوال نمبر 40 :-

معرب کا اعراب کبھی پڑھنے میں آتا ہے اور کبھی نہیں آتا، اس لحاظ سے اس کی کیتی اقسام ہیں

جواب نمبر 40 :-

اعراب کی دو قسمیں ہیں

1) اعراب لفظی 2) اعراب تقدیری

اعراب لفظی :-

جو اعراب پڑھنے میں آئے اُسے اِعراب لفظی کہتے ہیں۔

اعراب تقدیری :-

جو اعراب پڑھنے میں نہ آئے اُسے اعراب تقدیری کہتے ہیں۔

منگل — ہوم ورک — 9-1-2024

**سوال نمبر 41 :-**

**عامل کی اقسام کے نام لکھیں ؟**

**جواب نمبر 41 :-**

عامل کی دو اقسام ہیں۔

1) عامل لفظی 2) عامل معنوی

**★ عامل لفظی :-**

جو عامل پڑھنے میں آئے اُسے عامل لفظی کہتے ہیں۔

**★ عامل معنوی :-**

جو عامل پڑھنے میں نہ آئے اُسے عامل معنوی کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 42 :-**

**کل کتنی قسم کے الفاظ مبنی ہوتے ہیں**

**جواب نمبر 42 :-**

کل چھ قسم کے الفاظ مبنی ہوتے ہیں۔

1) فعل ماضی 2) امر حاضر معروف 3) تمام حروف

4) جملہ 5) اسم غیر متمکن 6) وہ فعل مضارع جس کے آخر میں نون ضمیر یا نون تاکید ہو۔

**سوال نمبر 43 :-**

**کل کتنی قسم کے الفاظ معرب ہوتے ہیں**

**جواب نمبر 43 :-**

منگل ہوم ورک 9-1-2024

کل دو قسم کے الفاظ معرب ہیں

1) اسم متمکن ii) وہ فعل مضارع جو نون ضمیر اور نون تاکید سے خالی ہو :-

سوال نمبر 44 :-

## اسم غیر متمکن کی اقسام لکھیں

جواب نمبر 44 :-

اسم غیر متمکن کی آٹھ اقسام ہیں

1) اسم ضمیر 2) اسم اشارہ 3) اسم موصول 4) اسم استفہام 5) اسم کنایہ 6) اسم ظرف 7) اسم شرط 8) اسم فعل

سوال نمبر 45 :-

## ضمیر کی کتنی اقسام ہیں اور کون کون سی ہیں مکمل تفصیل اور ان کے نام لکھیں :-

جواب نمبر 45 :-

ضمیر کی دو اقسام ہیں

1) ضمیر متصل ii) ضمیر منفصل

ضمیر متصل :-

ضمیر متصل کی تین اقسام ہیں

1) ضمیر مرفوع 2) ضمیر منصوب 3) ضمیر مجرور متصل

ضمیر منفصل :-

ضمیر منفصل کی دو اقسام ہیں

1) ضمیر مرفوع منفصل 2) ضمیر منصوب منفصل

منگل

# ہوم ورک

9-1-2024

ضمیر مرفوع متصل :-

ضمیر مرفوع متصل دو ہیں

1) ضمیر مرفوع متصل مستتر 2) ضمیر مرفوع متصل بارز

سوال نمبر 46 :-

اسم اشارہ اور مشار الیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب نمبر 46 :-

★ اسم اشارہ :-

جو اسم مبصر (نظر آنے والی) چیز کی طرف اشارہ کے لیے وضع کیا گیا ہو اُسے اسم اِشارہ کہتے ہیں۔

★ مشار الیہ :-

جس چیز کی طرف اسم اِشارہ سے اشارہ کیا جائے اُسے مشار الیہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 47 :-

اسم اشارہ کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب نمبر 47 :-

1) اسم اِشارہ للقریب 2) اسم اِشارہ للبعید

سوال نمبر 48 :-

اسمائے اِشارہ للقریب کونسے ہیں؟

جواب نمبر 48 :-

| | واحد | تثنیہ | جمع |
| --- | --- | --- | --- |
| مذکر | ذَا، هٰذَا | ذَانِ ذَیْنِ هٰذَانِ هٰذَیْنِ | أُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ |
| مونث | تَا هٰذِهٖ | تَانِ تَیْنِ، هَاتَانِ هَاتَیْنِ | أُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ |

منگل     ہوم ورک     9-1-2024

سوال نمبر 49:۔

اسم موصول اور صلہ کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 49:۔

★اسم موصول:۔

جو اسم بعد والے جملے سے مل کر کلام کا جزء بنے
اُسے اسم موصول کہتے ہیں اور بعد والے جملے کو صلہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 50:۔

اسمائے موصولہ لکھیں؟

جواب نمبر 50:۔

| | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| مذکر | اَلَّذِیْ | اَللَّذَانِ، اَلَّذَیْنِ | اَلَّذِیْنَ، اَلْاُلٰی |
| مونث | اَلَّتِیْ | اَللَّتَانِ، اَللَّتَیْنِ | اَللَّاتِیْ اَللَّوَاتِیْ |

سوال نمبر 51:۔

صلہ میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟

جواب نمبر 51:۔

صلہ ہمیشہ جملہ ہوتا ہے اور اُس میں
موصول کے مطابق ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے جسے عائد کہتے ہیں

سوال نمبر 52:۔

اسم استفہام کسے کہتے ہیں؟

جواب نمبر 52:۔

جس اسم کے ذریعے کسی چیز کے بارے

منگل — ہوم ورک — 9-1-2024

میں سوال کیا جائے اُسے اسم استفہام کہتے ہیں۔

سوال نمبر 53 :-

اسمائے استفہام کتنے اور کونسے ہیں۔

جواب نمبر 53 :-

اسمائے استفہام گیارہ ہیں۔

مَنْ مَا أَيٌّ أَيَّةٌ مَاذَا كَمْ كَيفَ
مَتٰى أَيْنَ أَيَّانَ أَنّٰى

سوال نمبر 54 :-

اسمائے استفہام کا إعراب لکھیں؟

جواب نمبر 54 :-

اسم استفہام کے بعد ایسا فعل ہو جو اُس میں عمل کر رہا ہو تو اسم استفہام محلاً منصوب کہلائے گا۔
اسم استفہام سے پہلے حرف جر یا مضاف آجائے تو اسم استفہام محلاً مجرور کہلائے گا۔
اگر مذکورہ دونوں صورتیں نہ ہوں تو اسم استفہام محلاً مرفوع کہلائے گا۔

سوال نمبر 55 :-

اسم شرط کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 55 :-

جو اسم دو جملوں پر داخل ہو کر یہ ظاہر کرے کہ پہلا جملہ دوسرے کا سبب ہے اُسے اسم شرط کہتے ہیں۔

بدھ ہوم ورک 10-1-2024

سوال نمبر 56 :-

حرف شرط کتنے اور کونسے ہیں۔

جواب نمبر 56 :-

حرف شرط گیارہ 11 ہیں۔

مَنْ ، مَا ، اَیُّ ، متیٰ ، متیٰ مَا ، اَیْنَ ، اینما ، اِذما ، اِذَا ، اِذامَا ، کَیْفَمَا ، مَھْمَا ، اَنّٰی ، حَیْثُمَا

سوال نمبر 57 :-

اسم شرط کا اعراب لکھیں ؟

جواب نمبر 57 :-

اسم شرط کا اعراب بھی اسم استفہام کی طرح ہیں۔ اس کے بعد کوئی ایسا فعل ہو جو اس میں عامل ہو تو یہ محلاً منصوب ہوگا۔

اگر اس سے پہلے مضاف یا حرف جر آجائے تو یہ محلاً مجرور ہوگا مذکورہ دونوں صورتیں نہ پائی جائے تو محلاً مرفوع کہلائے گا۔

سوال نمبر 58 :-

اسم ظروف کی تعریف کریں ؟

جواب نمبر 58 :-

جو اسم کوئی جگہ یا وقت ظاہر کرے ایسے اسم ظروف یعنی ظرف کہتے ہیں۔

سوال نمبر 59 :-

وقت یا جگہ ظاہر کرنے کے لحاظ سے اسم ظرف کی اقسام اور ان کی تعریفیں لکھیں ؟

بدھ ہوم ورک 10-1-2024

وقت یا جگہ ظاہر کرنے کے لحاظ سے اسم ظرف کی دو اقسام ہیں۔ (1 ظرف زمان (2 ظرف مکان

★ ظرف زمان :-

جو اسم ظرف وقت ظاہر کرے اُسے ظرف زمان کہتے ہیں۔

★ ظرف مکان :-

جو اسم ظرف جگہ ظاہر کرے اُسے ظرف مکان کہتے ہیں۔

سوال نمبر 60 :-

معرب اور مبنی ہونے کے لحاظ سے اسم ظرف کی اقسام اور تعریفیں لکھیں؟

جواب نمبر 60 :-

معرب اور مبنی ہونے کے لحاظ سے اسم ظرف کی دو اقسام ہیں (1 معرب (2 مبنی

★ ظرف معرب :-

جس اسم ظرف کا آخر بدلتا رہے اُسے ظرف معرب کہتے ہیں۔

★ ظرف مبنی :-

جس اسم ظرف کا آخر نہ تبدیل ہو اُسے ظرف مبنی کہتے ہیں۔

بدھ — ہوم ورک — 10-1-2024

سوال نمبر 61 :-

ظروف مبنیہ اور ظروف معربہ لکھیں

جواب نمبر 61 :-

ظروف مبنیہ :-

ظروف مبنی پندرہ 15 ہیں

إذْ ، مُذْ ، مُنْذُ ، لَدٰی ، لَدُنْ ، أَمْسِ ، قَطُّ ، عَوْضُ

أَيَّانَ ، إِذَا ، كَيف ، متى ، أَيْنَ ، أَنّٰى ، حَيْثُ

★ ظروف معرب :-

ظروف معرب 4 چار ہیں۔

قبل ، بَعْدُ ، فَوْقَ ، تَحْتُ

سوال نمبر 62 :-

منصرف اور غیر منصرف کی تعریف

جواب نمبر 62 :-

★ منصرف :-

جس اسم معرب پر کے آخر میں کسرہ

اور تنوین آئے اُسے منصرف کہتے ہیں۔

★ غیر منصرف :-

جس اسم معرب کے آخر میں کسرہ اور

تنوین نہ آئے اُسے غیر منصرف کہتے ہیں۔

سوال نمبر 63

غیر منصرف اسماء کی تعداد اور ان کے

نام لکھیں ؟

بدھ　　　ہوم ورک　　　10-1-2024

غیر منصرف اسماء نو 9 ہیں۔

عدل، وصف، تانیث، تعریف، عجمہ، ترکیب

وزن فعل، الف نون زائدتان، جمع

سوال نمبر 64 :-

غیر منصرف پر کسرہ کب آتی ہیں

جواب نمبر 64 :-

غیر منصرف پر الف لام آجائے یا اُسے مضاف

کر دیا جائے تو ان دونوں صورتوں میں اس پر کسرہ آسکتا ہے

سوال نمبر 65 :-

اسم معرب کے کتنے اعراب ہیں

اور اس کی کتنی اقسام ہیں۔

جواب نمبر 65 :-

اسم معرب کے تین اعراب ہیں۔

رفع ، نصب ، جر

اسم معرب کی بارہ 12 اقسام ہیں۔

مفرد منصرف صحیح، قائم مقام صحیح جمع مکسر منصرف، غیر منصرف،

جمع مونث سالم، اسم منقوص، اسم مقصور مضاف إلى الياء

اسمائے ستہ، تثنیہ، جمع مذکر سالم أُولُوا، جمع مذکر سالم

سوال نمبر 66 :-

کن کن اسماء میں اعراب بالحرکۃ

ہوتا ہے ؟

بدھ ہوم ورک 10-1-2024

جواب نمبر 66 :-

اسمائے ستہ، جمع مذکر سالم، تثنیہ اور ان کے ملحقات کا اعراب بالحرف ہوتا ہے اور باقی تمام اسماء کا اعراب بالحرکۃ ہوتا ہے۔

سوال نمبر 67 :-

**نواصب مضارع کا عمل ان کی تعداد بیان کریں؟**

جواب نمبر 67 :-

نواصب مضارع چار حروف (اَنْ، لَنْ، کَیْ، اِذَنْ) کو کہتے ہیں یہ مضارع کو نصب دیتے ہیں۔ یعنی مضارع کے پانچ مضموم صیغوں کو فتحہ دیتے ہیں اور سات صیغوں سے نون اعرابی کو گرا دیتے ہیں۔

سوال نمبر 68 :-

**جوازم مضارع کا عمل ان کی تعداد بیان کریں؟**

جواب نمبر 68 :-

جوازم مضارع چھ حروف (لَمْ، لَمَّا، لام امر، لائے نہی، اِنْ شرطیہ) کو کہتے ہیں یہ مضارع کے پانچ مضموم صیغوں سے ضمہ کو گرا دیتے ہیں جبکہ ان کے آخر میں حرف علت نہ ہو ورنہ حرف علت گر جائے گا۔

بدھ                    ہوم ورک                    10-1-2024

سوال نمبر 69:۔

فعل مضارع کے کتنے اعراب ہیں اور مضارع معرب کی اقسام لکھیں۔

جواب نمبر 69:۔

فعل مضارع کے تین اعراب ہیں

1) رفع 2) نصب 3) جزم

مضارع معرب کی چار قسمیں ہیں۔

1) صحیح 2) ناقص واوی یایائی 3) ناقص الفی 4) مضارع بانون اعرا

سوال نمبر 70:۔

ناقص واوی یایائی کا اعراب لکھیں:۔

جواب نمبر 70:۔

وہ مضارع جس کے آخر میں واو یا یاء ہو اور نون اعرابی نہ ہو۔

اس کی حالت رفعی ضمہ تقدیری ہے حالت نصبی فتحہ لفظی ہے اور حالت جزمی حذف آخر سے آتی ہے۔

سوال نمبر 71:۔

حروف مشبہ بالفعل کتنے اور کونسے ہیں ان کا اعراب بھی لکھیں؟

جواب نمبر 71:۔

حروف مشبہ بالفعل چھ ہیں۔

1) إِنَّ 2) أَنَّ 3) کَأَنَّ 4) لٰکِنَّ 5) لَیْتَ 6) لَعَلَّ

10-1-2024

ہوم ورک

بدھ

حروف مشبہ بالفعل جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں مبتدا کو ان کا اسم خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں

**سوال نمبر 72 :-**

**ان حروف پر ما کا کیا عمل ہے :-**

**جواب نمبر 72 :-**

کبھی اِن حروف کے ساتھ لفظ ما آجاتا ہے جو اِن کو عمل سے روک دیتا ہے اور اس صورت میں یہ فعل پر بھی آسکتے ہیں اسے ماکافہ کہتے ہیں

**سوال نمبر 73 :-**

**إِنَّ اور أَنَّ کے مقامات لکھئے ؟**

**جواب نمبر 73 :-**

★ إِنَّ کے مقامات :-

1) جملے کے شروع میں 2) قول یا اس سے مشتق لفظ کے بعد 3) اسم موصول کے بعد 4) جواب قسم کے شروع میں 5) حرف تنبیہ اور حیث کے بعد 6) عَلِمَ، شَہِدَ یا ان سے مشتق لفظ کے بعد جبکہ خبر پر لام ہو۔

أَنَّ کے مقامات :-

جب یہ اپنے اسم اور خبر سے ملکر فاعل، نائب فاعل، مفعول مبتدا یا مضاف الیہ بنے، عَلِمَ، شَہِدَ اور ان سے مشتق لفظ کے بعد جبکہ خبر پر لام نہ ہو، حرف جر کے بعد

خلاصۃ النحو حصہ اول

سوال نمبر 74 :-

لائے نفی جنس کا کیا مطلب ہے ان کا اعراب لکھیں ؟

جواب نمبر 74 :-

جو لا کسی چیز کے تمام افراد سے حکم کی نفی کرے اُسے لائے نفی جنس کہتے ہیں لائے نفی جنس جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے لائے نفی جنس کی خبر ہمیشہ مرفوع ہوتی ہے مبتدا کو اس کا اسم اور خبر کو اس کی خبر کہتے ہیں۔

سوال نمبر 75 :-

لائے نفی جنس کے اسم کی کتنی صورتیں ہیں ان کے نام لکھیں ؟

جواب نمبر 75 :-

لائے نفی جنس کے اسم کی تین صورتیں ہیں :

مضاف ہو · مشابہ مضاف ہو

مفرد و نکرہ ہو ۔

سوال نمبر 76 :-

لائے نفی جنس کی خبر مفرد ہو تو اس کا کیا حکم ہیں ۔

۹۵ ہوم ورک 10-1-2024

جواب نمبر 76 :-

لائے نفی جنس کی خبر مفرد ہو تو واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مونث میں اس کا اسم کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

سوال نمبر 77 :-

افعال ناقصہ کتنے ہیں ان کے نام لکھیں؟

جواب نمبر 77 :-

افعال ناقصہ سترہ ہیں۔

کان، صار، ظل، بات، اصبح، أضحی أمسیٰ، عادَ، اٰض، غَدَا، رَاح، مازال ماانفک، مابرح، مافتی، مادام، لیس

سوال نمبر 78 :-

افعال ناقصہ کا اعراب لکھیں؟

افعال ناقصہ جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع خبر کو نصب دیتے ہیں مبتدا کو اس کا اسم خبر کو اس کی خبر کہتے ہیں۔

بدھ — ہوم ورک — 10-1-2024

سوال نمبر 79 :-
لیس کی خبر کب مجرور
ہوتی ہے؟

جواب نمبر 79 :-
لیس کی خبر پر باء
آجائے تو خبر لفظاً مجرور ہو جائے گی

سوال نمبر 80 :-
ما اور لا مشابہ بلیس
کی تعریف اور اس کا اعراب لکھیں

جواب نمبر 80 :-
یہ دو حرف (ما اور لا)
جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع
اور خبر کو نصب دیتے ہیں مبتدا کو ان کا
اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں
ما اور لا کے اسم کا وہی حکم ہے جو مبتدا
اور خبر کا ہے

سوال نمبر 81 :- مبتدا اور خبر دونوں اپنی حالت میں کب مرفوع رہتے ہیں۔

~~خبر کب کب جملے~~
~~میں آسکتی ہیں۔~~

خبر اسم سے پہلے آجائے
خبر سے پہلے اِلّا آجائے
مَا کے بعد اِن آجائے

جمعرات

ہوم ورک

11-1-2024

سوال نمبر 82 :-

مفعول مطلق کی تعریف اور اُس کا اعراب لکھیں؟

جواب نمبر 82 :-

فعل کے اپنے یا اُس کے ہم معنی مصدر کو مفعول مطلق کہتے ہیں۔
مفعول مطلق ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

سوال نمبر 83 :-

مفعول مطلق کی اقسام اور ان کی تعریفیں لکھیں؟

جواب نمبر 83 :-

مفعول مطلق کی تین اقسام ہیں۔

1) تاکیدی 2) نوعی 3) عددی

مفعول مطلق نوعی :

جو مفعول مطلق فِعْلَةٌ کے وزن پر ہو مضاف ہو یا موصوف ہو وہ مفعول مطلق نوعی کہلاتا ہے۔

مفعول مطلق عددی :-

جو مفعول مطلق فَعْلَةٌ کے وزن پر ہو یا اِس کا تثنیہ ہو یا ایسا اسم عدد ہو جو (مضاف) مصدر کی طرف

جمعرات     ہوم ورک     11-1-2024

یا مرات کی طرف مضاف ہو وہ مفعول
مطلق عددی کہلاتا ہے۔
مفعول مطلق تاکیدی:
جو مفعول مطلق
فَعْلَۃٌ اور فِعْلَۃٌ کے وزن پر نہ ہو اُسے
مفعول مطلق تاکیدی کہتے ہیں۔
سوال نمبر 84:۔
مفعول بہ کی تعریف
اور اس کا اعراب لکھیں؟
جواب نمبر 84:۔
جس پر فعل واقع ہو
اُسے مفعول بہ کہتے ہیں۔ مفعول بہ ہمیشہ
منصوب ہوتا ہے۔
سوال نمبر 85:۔
ایک فعل کے کتنے۔
مفعول بہ ہو سکتے ہیں؟
جواب نمبر 85:۔
ایک فعل کے دو یا تین
بھی مفعول بہ آ سکتے ہیں۔
سوال نمبر 86:۔
مفعول فیہ کی تعریف
اور اس کا اعراب لکھیں؟

جمعرات

# ہوم ورک

11-1-2024

جس جگہ یا وقت میں فعل واقع ہو
اُسے مفعول فیہ کہتے ہیں
مفعول فیہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

سوال نمبر 87 :-
مفعول فیہ کب مجرور
ہوگا اور کب نہیں ہوگا جملے میں لکھیں؟

جواب نمبر 87 :-
ظرف سے پہلے حرف
جر لفظاً موجود ہو تو ظرف مجرور ہوگا
اور اس کو مفعول فیہ نہیں کہتے اور حرف
جر محذوف ہو تو ظرف منصوب ہوگا۔
اور مفعول فیہ کہلائے گا۔

سوال نمبر 89
ظرف کی اقسام اور ان
کے نام تعریفات لکھیں؟

جواب نمبر 89 :-
ظرف کی دو قسمیں ہیں
i) ظرف زمان ii) ظرف مکان

ظرف زمان:
وہ وقت جس پر فعل
واقع ہو اُسے ظرف زمان کہتے ہیں

جمعرات   ہوم ورک   11-1-2024

ظرف مکان :-

وہ جگہ جس پر فعل واقع ہو اُسے ظرف مکان کہتے ہیں

سوال نمبر 90

ظرف زمان محدود اور غیر محدود کی تعریف کریں :-

ظرف زمان محدود :-

جو ظرف زمان ایسا زمانہ ظاہر کرے جس کی کوئی حد ہو اُسے ظرف زمان محدود کہتے ہیں۔

ظرف زمان غیر محدود :-

جو ظرف زمان ایسا زمانہ ظاہر کرے جس کی کوئی حد نہ ہو اُسے ظرف زمان غیر محدود کہتے ہیں۔

سوال نمبر 91 :-

ظرف مکان محدود اور غیر محدود کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 91 :-

ظرف مکان محدود :-

جو ظرف مکان ایسی جگہ ظاہر کرے جس کی کوئی حد ہو اُسے ظرف مکان محدود کہتے ہیں۔

جمعرات

# ہوم ورک

11-1-2024

ظرف مکان غیر محدود :-

جو ظرف مکان

ایسی جگہ ظاہر کرے جس کی کوئی حد نہ ہو اُسے ظرف مکان غیر محدود کہتے ہیں

سوال نمبر 92 :-

کس ظرف سے پہلے فی لانا واجب اور لانا جائز نہیں۔

جواب نمبر 92 :-

ظرف مکان محدود سے پہلے فی لانا واجب ہے

ظرف مبہم (زمان ہو یا مکان) یعنی غیر محدود سے پہلے فی لانا جائز نہیں ہے۔

سوال نمبر 93 :-

مفعول لہ کی تعریف اور اس کا اعراب لکھیں؟

جواب نمبر 93 :-

جس مفعول کے سبب فعل واقع ہو اُسے مفعول لہ یا مفعول لاجلہ کہتے ہیں مفعول لہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

سوال نمبر 94 :-

مفعول لہ سے پہلے حرف جر لانا کب واجب ہوگا۔

11-1-2024 ہوم ورک جمعرات

جواب نمبر 94 :-

مفعول لہ مصدر نہ ہو تو اس سے پہلے حرف جر لانا واجب ہے مصدر ہو تو حرف جر لانا یا نہ لانا دونوں جائز ہیں۔

سوال نمبر 95 :-

مفعول معہ کی تعریف اور اس کا اعراب لکھیں؟

جواب نمبر 95 :-

وہ مفعول واؤ بمعنی مَعَ کے بعد آئے اُسے مفعول معہ کہتے ہیں مفعول معہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

سوال نمبر 96 :- حال اور ذوالحال کی تعریف اور اس کا اعراب لکھیں:-

حال اور ذوالحال :-

جو لفظ فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے اُسے حال کہتے ہیں اور اس فاعل اور مفعول کو ذوالحال کہتے ہیں۔

اعراب :-

جمعرات

# ہوم ورک

11-1-2024

حال ہمیشہ منصوب اور نکرہ ہوتا ہے اور ذو الحال عامل کے مطابق اور اکثر معرفہ ہوتا ہے۔

**سوال نمبر 97 :-**

**حال کو ذو الحال سے پہلے لانا کب ضروری ہے؟**

جواب نمبر 97 :-

حال ذو الحال کے بعد آتا ہے مگر ذو الحال اگر نکرہ ہو اور مجرور نہ ہو تو حال کو اس سے پہلے لانا ضروری ہے۔

**سوال نمبر 98 :-**

**حال جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ ہو تو اس میں چیز کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔**

جواب نمبر 98 :-

حال جملہ اسمیہ ہو تو اس میں واو اور ضمیر یا ان میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے۔

حال جملہ فعلیہ ہو تو فعل ماضی کے شروع میں قد کا ہونا ضروری ہے۔

جمعرات                                   ہوم ورک                                   11-1-2024

سوال نمبر 99 :- تمییز کی تعریف اور ممیّز کسے کہتے ہیں تمییز کا اعراب بھی لکھیں؟

جواب نمبر 99 :- جو اسم نکرہ کسی چیز سے ابہام کو دور کر دے اسے تمییز یا ممیّز کہتے ہیں اور تمییز جس چیز سے ابہام کو دور کرے اُسے ممیّز کہتے ہیں تمییز ہمیشہ نکرہ ہوتی ہے تمییز منصوب ہوتی ہے لیکن اگر ممیّز کو اس کی طرف مضاف کر دیں تو یہ مجرور ہوگی۔

سوال نمبر 100 :- تمییز کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام اور تعریفیں لکھیں؟

جواب نمبر 100 :- تمییز کی دو اقسام ہیں۔

(i) تمییز عن الذات (ii) تمییز عن النسبۃ

تمییز عن الذات :- وہ تمییز جو کسی مبہم ذات سے ابہام کو دور کرے یہ مبہم ذات

تم

# ہوم ورک

11-1-2024

عموماً مقدار (عدد، وزن، کیل، یاناپ وغیرہ) ہوتی ہے۔

تمییز عن النسبۃ :-

وہ تمییز جو مبہم ذات نسبت سے ابہام کو دور کرے یہ مبہم نسبت یا تو جملہ فعلیہ میں ہوتی ہے یا شبہ جملہ میں ہوتی ہے یا اضافت میں ہوتی ہے۔

سوال نمبر 01 :-

مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 01 :-

جس اسم کو بذریعہ کلمہ استثناء کسی اسم کے حکم سے نکال دیا جائے اُسے مستثنیٰ اور جس اسم کے حکم سے مستثنیٰ کو نکالا گیا ہو اُسے مستثنیٰ منہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 02 :-

مستثنیٰ کلمات کتنے ہیں ان کے نام لکھیں؟

جواب نمبر 02 :-

کلمات استثناء گیارہ 11 ہیں۔

11-1-2024

## ہوم ورک

جمعرات:

اِلَّا، غیر، سِوٰی، سِوَاءَ، حَاشَا
خَلا، ماخلا، عَدَا، ماعدا، لَیْسَ
اور لَا یَکُوْنُ:-

سوال نمبر 103:-
مستثنیٰ کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام اور تعریفات کریں؟

جواب نمبر 103:-
مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں۔
1) مستثنیٰ متصل 2) مستثنیٰ منقطع

مستثنیٰ متصل:-
جو مستثنیٰ استثناء سے پہلے مستثنیٰ منہ میں داخل ہو اسے مستثنیٰ متصل کہتے ہیں۔

مستثنیٰ منقطع:-
جو مستثنیٰ استثناء سے پہلے مستثنیٰ منہ میں داخل نہ ہو اسے مستثنیٰ منقطع کہتے ہیں۔

سوال نمبر 104:-
کلام موجب اور کلام غیر موجب کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 104:-

جمعرات

# ہوم ورک

11-1-2024

کلام موجب :-

جس کلام میں نفی، نہی، یا استفہام نہ ہو اُسے کلام موجب کہتے ہیں۔

کلام غیر موجب :-

جس کلام میں نفی، نہی، یا استفہام ہو اُسے کلام غیر موجب کہتے ہیں۔

سوال نمبر 105

کتنی صورتوں میں مستثنیٰ منصوب ہوتا ہے۔

درج ذیل چار صورتوں میں مستثنیٰ منصوب ہوتا ہے

مَاخَلَا، مَاعَدَا، لَیْسَ، لَایَکُوْنُ کے بعد ہمیشہ اور خَلَا اور عَدَا کے بعد عموماً:

جب مستثنیٰ منقطع ہو.

جب مستثنیٰ مستثنیٰ منہ سے پہلے آجائے

جب مستثنیٰ کلام موجب میں اِلّا کے بعد آئے.

سوال نمبر 106 :-

فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 106 :-

فعل معروف :-

جس فعل کی اسناد فاعل

جمعرات

# ہوم ورک

11-1-2024

کی طرف ہو اُسے فعل معروف کہتے ہیں۔

فعل مجہول:

جس فعل کی اسناد مفعول کی طرف ہو اُسے فعل مجہول کہتے ہیں۔

سوال نمبر 107 :-

فعل لازم اور فعل متعدی کی تعریف کریں؟

جواب نمبر 107 :-

فعل لازم :-

جس فعل کا مفعول بہ نہ آسکتا ہو اُسے فعل لازم کہتے ہیں۔

فعل متعدی :-

جس فعل کا مفعول بہ آسکتا ہو اُسے فعل متعدی کہتے ہیں۔

سوال نمبر 108 :-

فعل متعدی کی اقسام لکھیں

جواب نمبر 108 :-

فعل متعدی کی تین قسمیں ہیں۔

وہ فعل متعدی جس کا ایک مفعول بہ ہو.

وہ فعل متعدی جس کے دو مفعول بہ ہوں.

وہ فعل متعدی جس کے تین مفعول بہ ہوں.

جمعرات

# ہوم ورک

11-1-2024

سوال نمبر 109 :-

فعل معروف فاعل کو اور فعل مجہول نائب الفاعل کو رفع دیتا ہے اس کے علاوہ کتنے اسماء کو نصب دیتا ہے :-

جواب نمبر 109 :-

فعل معروف فاعل کو اور فعل مجہول نائب الفاعل کو رفع دیتا ہے اس کے علاوہ یہ دونوں چھ اسماء کو نصب بھی دیتے ہیں۔

1) مفعول مطلق 2) مفعول فیہ
3) مفعول معہ 4) مفعول لہ
5) حال 6) تمییز

اور فعل متعدی مفعول بہ کو بھی نصب دیتا ہے:

سوال نمبر 110 :-

کتنے قسم کے اسماء مرفوع ہوتے ہیں ان کے نام لکھیں۔

جواب نمبر 110 :-

درج ذیل آٹھ قسم کے اسماء مرفوع ہوتے ہیں

جمعرات ہوم ورک 11-1-2024

1) افعال ناقصہ کا اسم 2) 3) مبتدا 4) فاعل
5) 6) 7) خبر 8) نائب الفاعل

1) فاعل ، 2) نائب فاعل 3) مبتدا ، 4) خبر
5) افعال ناقصہ کا اسم
6) ما اور لا کا اسم
7) حروف مشبہ بالفعل کی خبر
8) لائے نفی جنس کی خبر

سوال نمبر 111
کتنے قسم کے اسماء منصوب ہوتے ہیں ان کے نام لکھیں؟

جواب نمبر 111 :-
درج ذیل بارہ قسم کے اسماء منصوب ہوتے ہیں۔

1) مفعول بہ 2) مفعول مطلق
3) مفعول لہ 4) مفعول فیہ
5) مفعول معہ 6) حال
7) تمییز 8) مستثنیٰ
9) افعال ناقصہ کی خبر 10) ما اور لا کی خبر
11) حروف مشبہ بالفعل کا اسم 12) لائے نفی جنس کا اسم

سوال نمبر 112 :-
کتنے قسم کے اسماء مجرور ہوتے ہیں۔

جمعرات 11-1-2024

ہوم ورک

درج ذیل دو قسم کے اسماء مجرور ہوتے ہیں
(i مضاف الیہ (ii حرف جر کا مدخول

حصہ اول مکمل کے 11P سوالات کے جوابات لکھیں ہیں

The End.

11-1-2024